سوال

خوش امدید، میں مسلمان تو نہیں لیکن ایک مسلمان لڑکے سے محبت کرتی ہوں، اس نے مجھے کہا ہے کہ وہ مجھ سے شادی کرے گا، لیکن وہ کسی سبب سے شادی نہیں کررہا میرا ایک سوال ہے کہ ایک سکھ مذہب رکھنے والی لڑکی مسلمان سے شادی کیوں نہیں کرسکتی؟ اورکیا ان دونوں کی شادی کرنا جائز ہے؟

جواب

الحمدللہ

پہلے توہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ نے ہماری ویب سائٹ پر بھروسہ کیا، ہم اپ کے اس ای میل لیٹر میں پس پشت دیکھ رہے کہ ہیں کہ آپ میں حق کوتلاش کرنے کی صلاحیت ہے اورآپ میں اپنے مذہب کا تعصب نہیں جس پر آپ کی پرورش اورتربیت ہوئی ہے۔

اوریہ چیز بذات خودایک نعمت ہے ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ اس نعمت کو مکمل کرتے آپ کوحق تک پہنچائے جس سے آپ کوسعادت دارین نصیب ہو، توآپ کے یہاں تک پہنچ جانے کی بنا پر ہم آپ کو نصیحت کریں گے کہ آپ اسی ویب سائٹ پر بغوراورصدق دل سے حق کی متلاشی ہوکردین اسلام کا مطالعہ کریں، اورجس نے آپ کوعدم سے وجود دے کراس دنیامیں پیدا کیا اس سے یہ سوال کریں کہ وہ آپکی صحیح راستے اوردین حق اور مستقیم کی طرف راہنمائی کرے۔

اورآپ کے علم میں ہونا چاہیے کہ انسان کی زندگی اس وقت تک صحیح نہیں ہوسکتی جب تک وہ اپنی زندگی کو صحیح دین پر نہ گزارے، اورنہ ہی یہ نفس اس وقت تک قرارپاسکتا ہے جب تک اس کااپنے خالق اللہ عزوجل کے ساتھ صحیح رابطہ نہ پیدا ہوجائے۔

اوراللہ تبارک ہی کی عبادت زندگی کی روح وریان ہے، عبادت کے بغیر زندگی شقاوت بدبختی اورتباہی کی زندگی بن جاتی ہے۔

آپ کا مسلمان نوجوان سے شادی کرنا اس وقت ممکن ہے جب آپ اسلام قبول کرلیں اوراسے اپنادین بنانے پر راضی ہوجائیں- ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ آپ کوقبول اسلام کی توفیق عطافرمائے- توآپ کوشادی کرنے سے کوئی بھی نہیں روک سکتا۔

اوراس نوجوان سے آپ کی شادی میں آپ کے خاندان کا سب سے قریبی مسلمان شخص آپ کا ولی بنے گا، اوراگران میں کوئی بھی مسلمان نہیں توپھر جس ملک میں آپ رہائش پزیر ہیں وہاں کا مسلمان قاضی یا پھر شرعی عدالت اورقاضی نہ ہونے کی صورت میں اسلامی کیمونٹی کا چیرمین ولی بن سکتا ہے۔

آپ کے علم میں ہونا چاہیے کہ مسلمان عورت غیر مسلم سے شادی کرنا حرام ہے چاہے وہ کسی بھی دین سے تعلق رکھتا ہو، اوراسی طرح مسلمان مرد پراہل کتاب یھودو نصاری کے علاوہ باقی سب غیر مسلم عورتوں سے شادی کرنا حرام ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{اورتم شرک کرنے والی عورتوں سے اس وقت تک شادی نہ کروجب تک وہ ایمان نہ لے آئیں، اورایماندارلونڈی بھی شرک کرنے والی آزاد عورت سے بہتر ہے، گوتمہیں مشرکہ ہی اچھی لگتی ہو

اورنہ ہی شرک کرنے مردوں کے نکاح میں اپنی عورتوں کودوجب تک کہ وہ ایمان نہ لے آئیں، اورمشرک آزادمرد سے توایمان والاغلام ہی بہتر ہے، گوتمہیں مشرک ہی اچھا لگتا ہو

یہ مشرک لوگ جہنم کی دعوت دیتے ہیں اور اللہ تعالی اپنے حکم سے جنت اور اپنی بخشش کی طرف بلاتا ہے ، وہ اپنی آیات لوگوں کے لیے بیان فرما رہا ہے تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں } البقرۃ (221) ۔

اس آیت نے اس حرمت کی ایک عظیم حکمت بیان کی ہے کہ مسلمان مرد اور عورت کہیں شادی کے بعد شرک سے متاثر ہو کر اپنے دین میں خلل نہ پیدا کر لے ، لیکن جب مرد کو بیوی پر فوقیت اور غلبہ حاصل ہے تو اس لیے اسے صرف اہل کتاب کی عورتوں سے شادی کی اجازت دی گئی اس لیے کہ ان کا کفر عمومی طور پر دوسروں سے خفیف ہے ، اور اس لیے کہ وہ لوگ پہلی رسالت و شریعت کے مالک ہیں اگرچہ انہوں نے اس میں تحریف کر لی ہے اس لیے انہیں دوسرے کفار پر امتیاز حاصل ہے ، تو اس بنا پر کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ سکھ مذہب رکھنے والی عورت سے شادی کرے ہاں اگر وہ مسلمان ہو جائے تو اس کی شادی ہو سکتی ہے ۔

اور ہماری نصیحت اور ہم چاہتے ہیں کہ جب آپ یہ چاہتی ہی ہیں تو اسے آپ دین اسلام میں جانے اور اسے قبول کرنے کی لیے موقع اور غنیمت جانیں ، اور خاص کر جب یہ مسلمان اپنی دین پر کاربند ہے ۔

اور ہم امید رکھتے ہیں کہ اگر آپ اسلام قبول کر لیں تو پھر آپ اس کے لیے اور وہ آپ کے لیے صبر اور ثابت قدمی پر بہترین مددگار معاون بنیں ، اس لیے کہ آپ کے قبول اسلام کے بعد آپ کو ایسے غمخوار اور مونس کی ضرورت ہوگی جو آپ کے قدم سے قدم ملا کر آپ کا ساتھ دے اور آپ کی حمایت کرے کیونکہ بعض لوگوں کا آپ کا اسلام قبول کرنا اور اپنے آباء واجداد کا دین ترک کرنا اچھا نہیں لگے گا جس کی بنا پر وہ آپ کو اذیت دینے کی کوشش کریں گے ۔

اس دین میں جو بھی داخل ہوتا ہے ان کے لیے اللہ تعالی کی سنت اور طریقہ یہی ہے جو کہ ان ان کے ثابت قدمی اور قوت کا سبب بنتا ہے ، اور تا کہ یہ ظاہر ہو کہ واقعی وہ اس نعمت کے مستحق بھی ہیں کہ نہیں ۔

ہم اللہ تعالی سے آپ کے لیے حق اور سعادت مندی کے راستہ اور اس پر ایمان اور ثابت قدمی کی دعا کرتے ہیں حتی کہ اس راستہ کی انتہاء میں آپ کو جنت الفردوس جس کی چوڑائی آسمان وزمین کے برابر ہے ملے آمین ۔

مزید تفصیل کے لیے ممکن کہ آپ سوال نمبر 2023 کا مطالعہ کریں ۔

اور سلامتی اس پر ہوتی جو ھدایت کی پیروی واتباع کرے ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

26885